**DIGITAL ARTS URDU TEACHERS GROUP** (Md.Azam.8123147719)

# SSLC ANNUAL EXAM PRATICE PAPER 2018-19

**SUB : SOCIAL SCIENCE (85-U)**

**PRACTICE PAPER -02**

**TIME : 3 HOURS** | **NUMBER OF QUESTION : 47** | **MARKS : 80**

10×1 = 10

I ● مندرجہ ذیل ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات دیئے گئے ہیں موزوں جواب کا انتخاب کیجئے

(1) ● مرہٹہ خاندانوں نے معاہدہ بیسن جو پیشوا نے دستخط کئے تھے ______ اُسکی مخالفت کئے کیونکہ معاہدہ بیسن پر دستخط کرتے ہوئے پیشوا راؤ نے

(a) ● آدھی سلطنت انگریزوں کے حوالے کئے    ● (b) عہد معاونت قبول کرلیا

(c) ● پیشوا کے عہدہ سے دستبردار ہوگئے    ● (d) مرہٹہ خاندانوں کے انتظامیہ کو برباد کیا

(2) ● لارڈ کرزن کی تقسیم بنگال کا سوچنے کی اہم وجہہ

(a) ● بنگال بڑی ریاست ہے اور اسکا انتظامیہ مشکل تھا

(b) ● بنگال انگریزوں کے مخالف احتجاجات کا مرکز تھا

(c) ● بنگال ہندو مسلمان مذہبی فسادات کا مرکز تھا

(d) ● بنگال بہت عرصے سے معاشی طور پر پسماندہ تھا

(3) ● 1905ء روس میں زار کے خلاف جدوجہد شروع ہوئی کیونکہ

(a) ● جاپان جیسے ایک چھوٹے ملک سے روس نے شکست کھائی

(b) ● مانشیوک کی رہبری میں فروری انقلاب رونما ہوا

(c) ● جنگ میں جرمنی نے روس کو پوری طرح شکست دی تھی

(d) ● روس معاشی بحران اور اندرونی اختلافات سے گزر رہا تھا

(4) ● 1949 - 1955ء تک دہلی اور بانڈونگ میں ایشیائی ممالک نے کانفرنس منعقد کئے جس میں ہندوستان نے

(a) ● پنچ شیل اُصولوں کی تائید کی    ● (b) ناوابستہ تحریک کی مخالفت کی

(c) ● تخفیف اسلحہ کی تائید کی    ● (d) نوآبادیت کی مخالفت کی

(5) ● کسم سورب اِس تحریک سے وابستہ تھے

(a) ● کاشیگا مخالف تحریک    ● (b) کرناٹک ساحلی ماحولیاتی تحریک

(c) ● چھوت چھات کے خلاف تحریک    ● (d) شراب مانعتی تحریک

(6) ● UNICEF کے مبارک بادی کارڈ سے حاصل ہونے والا فنڈ استعمال ہوتا ہے

(a) ● بچوں کی فلاح و بہبودی کے لئے    ● (b) عورتوں کی فلاح و بہبودی کے لئے

(c) ● مزدوری کی فلاح و بہبودی کے لئے    ● (d) معاشی طور پر پسماندہ لوگوں کے لئے

(7) ● نمدار زراعت مغربی ساحلی پٹی اور کثیر بارش کے علاقوں میں کی جاتی ہے کیونکہ یہ علاقہ

(a) ● زیادہ درجۂ حرارت اور شدید بارش کے ہیں ● (b) زرخیز زمین ہے

(c) ● کم درجۂ حرارت اور کم بارش ہوتی ہے ● (d) شدید بارش کے علاقے ہیں

(8) ● کرناٹک کی معاشی ترقی میں ہوسپیٹ۔ کدرے مکھ۔ کیمن گنڈی اہم رول ادا کرتے ہیں کیونکہ

(a) ● یہ بندرگاہیں ہیں اور تجارتی ترقی میں معاون ہیں ● (b) کثیر مقدار میں خام تیل دستیاب ہوتا ہے

(c) ● یہاں یورانیم اور تھوریم فراہم ہوتے ہیں ● (d) کثیر مقدار میں خام لوہا دستیاب ہوتا ہے

(9) ● عورتوں کے خود امدادی گروپ دیہی علاقوں میں قائم کرنے کا اہم مقصد

(a) ● دیہی عورتوں کو معاشی طور پر خود مختار بنانے کے لئے (خود کفیل)

(b) ● عورتوں کے سیاسی اور سماجی رتبے میں سدھار لانے کے لئے

(c) ● عورتوں کے استحصال اور جنسی تفریق کو روکنا

(d) ● عورتوں کے حقوق کی حفاظت اور جنسی فرق کو مٹانے کے لئے

(10) ● آفاقیت کی وجہ سے عوام میں اشیاء کو چننے میں وسعت دکھائی دیتی ہے کیونکہ

(a) ● دوسرے ممالک کی چیزیں مارکیٹ میں دستیاب ہونے کی وجہ سے

(b) ● مقامی تجارتی اداروں کے درمیان مقابلہ

(c) ● چیزوں کی پیداوار اور خدمات میں اضافہ ہوا ہے

(d) ● ممالک کے درمیان اقتصادی انحصار پیدا ہوا ہے

---

II ● مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات ایک جملے میں لکھئے — 14x1 = 14

(11) ● عہد معاونت سے کیا مراد ہے؟

(12) ● 1935ء کا گورنمنٹ آف انڈیا ایکٹ آزاد ہند کے دستور کا سنگ میل مانا جاتا ہے کیوں؟

(13) ● چنّما کو بیل ہونگل جیل میں سے کوسگل جیل کیوں منتقل کیا گیا؟

(14) ● انگلینڈ کے صنعتی انقلاب کا ہندوستانی صنعت پر کیا اثر ہوا؟

(15) ● بال گنگادھر تلک نے گنیش اور شیو جینتی جیسے مذہبی تہواروں کے جشن کو کیوں عام کیا؟

(16) ● ہندوستان کس قسم کی تخفیف اسلحہ کی حمایت کرتا ہے؟

(17) ● سماجی برتوں کا نظام نہایت قدیم ہے اس قول کو ثابت کیجئے

(18) ● عوام بھیڑ عوامی فسادات / تشدد کی شکل میں کب تبدیل ہو جاتی ہے؟

(19) ● زرعی موسم سے کیا مراد ہے

(20) ● ممبئی کو ہندوستان کا مانچسٹر کہا جاتا ہے کیوں؟

(21) ● آبادی کی تقسیم پر آب وہوا کس طرح اثر انداز ہوتی ہے؟

(22) ● آبادی سے کیا مراد ہے؟

(23) • پلاسٹک ز        بھی کہا جاتا ہے کیوں ؟

(24) • آفاقیت کی وجہ سے مقامی غذائی اشیاء کو دوسرے ممالک تک پہنچانے میں آسانی ہوتی ہے کیسے ؟

15x2=30

III • مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات دو یا تین جملوں میں لکھئے

(25) • قسطنطنیہ کو یوروپی تجارت کا باب الداخلہ قرار دیا گیا تھا، اس جملے کی تائید کیجئے

(26) • مسلمانوں کی اصلاح کے لئے سر سیّد احمد خان نے کون کونسے اقدامات اٹھائے ؟

(27) • 1857ء کی جنگ آزادی انگریزوں کو ہندوستان سے نکالنے میں ناکام ہوئی کیوں ؟

(28) • ہندوستان کے پناہ گزینوں کے مسئلے کو کسطرح حل کیا ؟

(29) • امریکہ کی کساد بازاری کے کیا اثرات ہوئے ؟

(30) • ہندوستان پاکستان درمیانی تنازعات کے اسباب کون کونسے ہیں ؟

(31) • انسانی حقوق کو عام کرنے کے لئے ہندوستان کی کوششوں کو بیان کیجئے ؟

(32) • بھوک کے اشارات کے اوسط کو کسطرح معلوم کیا جاسکتا ہے ؟

(33) • معاشی ترقی میں ساحلی میدان اہم رول ادا کرتے ہیں کسطرح بیان کرو

(34) • مغربی گھاٹ کا مشرقی حصہ بارانی سایہ کا علاقہ کہلاتا ہے کیوں ؟

(35) • مینگرو کے جنگلات کوہستانی جنگلات سے کسطرح مختلف ہے ؟

(36) • تعمیری انتظامی لحاظ سے سڑکوں کے اقسام کون کونسے ہیں ؟

(37) • گولڈن کواڈ لیٹرل اور سوپر ہائی ویز کے متعلق بیان کیجئے

(38) • ہندوستان میں جنسی مساوات کو کسطرح حاصل کیا جاسکتا ہے ؟

(39) • صارفین کو کون کونسے مشکلات کا سامنا کرنا پڑتا ہے ؟

6x3=18

IV • مندرجہ ذیل سوالات کے جوابات 5 تا 6 جملوں میں لکھئے

(40) • ہندوستان پر انگریزوں کے جاری کردہ زمینی لگان کے نظام کے کیا اثرات ہوئے ؟

یا

اینگلو میسور چوتھی جنگ کے اسباب و نتائج بیان کیجئے

(41) • ہندوستان میں بے روزگاری کے مسئلہ میں اضافہ کے وجوہات کیا ہیں ؟

یا

سلامتی کونسل کی بناوٹ اور افعال بیان کرو ؟

(42) • چھوت چھات کی وجہ سے کون کونسے مسائل پیدا ہوتے ہیں ؟

یا

غیر منظم مزدوروں کے مسائل بیان کرو

(43) • ہندوستان کے اہم صنعتی خطے کون کونسے ہیں؟

یا

طوفان سے ہونے والے اثرات لکھئے

(44) • ہندوستان کے ریزرو بینک RBI کے کام بیان کرو

یا

مرکزی حکومت کے بغیر ٹیکس کی آمدنی کے ذرائع کون کونسے ہیں؟

(45) • بینک میں کھاتہ کھولنے کے مراحل کون کونسے ہیں؟

یا

صنعت کار کے کام و کاج بیان کیجئے

$1 \times 4 = 4$

V • مندرجہ ذیل سوال کے جوابات 8 تا 10 جملوں میں لکھئے

(46) • ہندوستان کی تحریک آزادی میں سبھاش چندر بوس کا کردار بیان کرو

$1 + 3 = 4$

VI • ہندوستان کا نقشہ نکال کر مندرجہ ذیل کی النشاندہی کیجئے

a) $82\frac{1}{2}$ مشرقی طول بلد

b) بحیرہ عرب کی رانی (ملکہ)

c) لاکھیم پور

Prepared by Zohra Khanum